© rasailojaraid.com



مسئلہ کشمیر کا حل صرف اور صرف یہی ہے کہ پاکستان اور بھارت دونوں اس معاہدے کا پاس کریں جو اقوام متحدہ کی زیر نگرانی طے ہوا تھا اور وہ معاہدہ یہ تھا کہ کشمیری عوام کو حقِ خود ارادیت دے کر استصواب کرایا جائے کہ کیا وہ پاکستان سے الحاق چاہتے ہیں یا بھارت سے ــــ اقوام متحدہ نے بارہا کوشش کی کہ وہ اس معاہدے پر عملدر آمد کروا سکے مگر بھارت کی ہٹ دھرمی اس کے آڑے آتی رہی ــــ بھارت جب تک اپنی بے جواز ہٹ دھرمی کو ترک نہیں کرتا اس وقت تک اس مسئلے کا کوئی حل نہیں ــــ اسی طرح کشمیری حریت پسندوں کی قیادت سے بھی عرض کریں گے کہ وہ خود مختار کشمیر کے نعرے کو بنیاد نہ بنائیں بلکہ الحاق کی بنیاد پر ہی اپنی جدوجہد جاری رکھیں۔

## اہم اعلان

ادارہ ترجمان السنۃ علامہ احسان الٰہی ظہیر شہیدؒ کی تقاریر پر مبنی ایک کیسٹ لائبریری قائم کرنا چاہتا ہے چنانچہ تمام احباب جماعت سے گزارش ہے کہ اگر کسی کے پاس آپؒ کی کوئی تقریر موجود ہو تو وہ براہ کرم اس تقریر کی کیسٹ ادارہ ترجمان السنہ کو ارسال کر دے۔

ملک کے اطراف واکناف میں مختلف اجتماعات سے خطاب پر مبنی کوئی بھی کیسٹ جس کسی کے پاس محفوظ ہو، فوراً ہمیں ارسال کر دے۔

شکریہ

ابتسام الٰہی ظہیر

© rasailojaraid.com